قرآن سب کے لیے، ہر دل میں، ہر ہاتھ میں

# الھدیٰ نیوز لیٹر

جنوری تا مئی 2021، جمادی الثانی تا شوال 1442ھ | شمارہ 16

قرآن وسنت کی تعلیم اور معاشرتی فلاح و بہبود کی سرگرمیوں کے ذریعے انسانیت کی خدمت جو کہ دنیا میں امن اور آخرت میں کامیابی حاصل کرنے کا باعث ہے

اخلاص | امانت وصداقت | صبر و استقامت | خیر خواہی | لگن | نظم وضبط | عزت واحترام

## رمضان کے بعد استقامت

رمضان المبارک نیکیوں کا موسم بہار ہے۔ ہر مسلمان کی کوشش ہوتی ہے کہ وہ اس مبارک مہینے میں اللہ کی دی ہوئی توفیق کے مطابق نیک اعمال بجالائے۔ ماہ رمضان دراصل ہمارے لیے ایک تربیتی پروگرام ہے تا کہ ہمیں وہ ہمت و طاقت حاصل ہو جس کی بدولت ہم مرتے دم تک اللہ کی اطاعت و بندگی پر قائم رہ سکیں۔ اعمال صالحہ پہ دوام ہی استقامت کہلاتا ہے۔ اللہ تعالیٰ کا ارشاد ہے:

"جن لوگوں نے کہا کہ اللہ ہمارا رب ہے اور پھر وہ اس پر ثابت قدم رہے، یقیناً ان پر فرشتے نازل ہوتے ہیں اور ان سے کہتے ہیں کہ نہ ڈرو، نہ غم کرو، اور خوش ہو جاؤ اس جنت کی بشارت سے جس کا تم سے وعدہ کیا گیا ہے۔" (حم السجدہ:30)

بندۂ مسلمان کی نیت استقامت کی ہو تو اللہ کی طرف سے بھی فرشتوں کے ذریعے تائید آتی ہے اور آئندہ زندگی کے لیے خوش خبری بھی۔ رمضان المبارک میں روزہ رکھنے سے انسان اپنی خواہشات پر کنٹرول کرنا سیکھتا ہے جس کی وجہ سے وہ گناہوں سے بچتا ہے اور اللہ تعالیٰ کی اطاعت کے کاموں میں رغبت ہوتی ہے۔ رمضان کے بعد دو جہتوں پر کام کرنے کی ضرورت ہے۔

ا۔ جن گناہوں کو چھوڑا ہے، ان کی طرف دوبارہ رجوع نہ کرنا۔ ۲۔ رمضان میں کیے ہوئے نیکی کے کاموں پر دوام اختیار کرنا۔

یہ ثابت قدمی حاصل کرنے کے لیے مندرجہ ذیل عملی اقدامات بے حد مفید ہیں:

**ا۔ اللہ عزوجل کی نعمت کا احساس:** جب بھی قرآن مجید میں اللہ تعالیٰ کے اسماء وصفات میں سے کوئی نام یا صفت پڑھیں تو اللہ کی تعظیم بجالائیں۔ جب آپ ایسا کریں گے تو دل پر اللہ عزوجل کی صفات وارد ہوں گی۔ یہ چیز آپ کے دل میں ان اثرات کو جمادے گی جو آپ نے رمضان میں حاصل کیے ہیں۔

**۲۔ فرائض میں احسان کے عمل کو لازم کرنا**

**۳۔ نیک لوگوں کی صحبت اختیار کرنا:** ایسے شخص کی صحبت اختیار کریں جو آپ کو اللہ تعالیٰ کی اطاعت اور عبادت سے ہٹا کر کسی اور چیز میں مشغول نہ کردے اور جو ایمان آپ کو حاصل ہوا ہے اس کو آپ کے لیے گدلا نہ کردے۔

**۴۔ نفس کی کمزوری کے نکات کا جائزہ لیتے رہنا:** جب آپ اپنی کسی کمزوری کو پہچان لیں اور دل میں پختہ ارادہ کرلیں کہ آپ نے اس کا مقابلہ کرنا ہے تو کثرت سے اللہ کا ذکر کریں کیونکہ ذکر آپ کو طاقت ور بنادے گا۔ پھر آپ کے نفس سے وہ خواہش نکل جائے گی جو آپ کو کمزور بناتی ہے۔

**۵۔ دعائیں کرنا:** •يَا مُقَلِّبَ الْقُلُوبِ ثَبِّتْ قَلْبِي عَلٰى دِيْنِكَ اے دلوں کو پھیرنے والے میرے دل کو اپنے دین پر ثابت قدمی عطا فرما۔

•رَبَّنَا لَا تُزِغْ قُلُوبَنَا بَعْدَ اِذْ هَدَيْتَنَا اے ہمارے رب! ہمیں ہدایت دینے کے بعد ہمارے دلوں کو ٹیڑھا نہ کرنا۔

اللہ تعالیٰ ہم سب کو عمل کی توفیق اور اس پر استقامت عطا فرمائے۔ آمین۔

ڈاکٹر فرحت ہاشمی

معزز قارئین، السلام علیکم ورحمتہ اللہ وبرکاتہ

الھدیٰ نیوز لیٹر کا نیا شمارہ پیش نظر ہے۔ جیسا کہ آپ کے علم میں ہے کہ کورونا وبا کی وجہ سے گزشتہ کچھ عرصے سے براہ راست درس و تدریس اور اجتماعات منعقد نہ ہو سکے لیکن الحمد اللہ الھدیٰ کے تمام کورسز آن لائن جاری رہے اور مقررہ وقت پر بخیر و خوبی تکمیل کو پہنچے۔ نئے کورسز بھی مقررہ وقت کے مطابق شروع کیے گئے۔ ڈاکٹر فرحت ہاشمی صاحبہ کے مختلف موضوعات پر لیکچرز ویب سائٹس، فیس بک، ٹیلی گرام، انسٹا گرام اور یوٹیوب پر نشر ہوتے رہے، جن سے پہلے سے بھی زیادہ لوگ مستفید ہوئے۔ رمضان میں دورۂ قرآن کا بھی آن لائن اہتمام کیا گیا۔ اسی طرح خدمت انسانیت کے جذبے سے سرشار الھدیٰ کی ٹیمیں رمضان راشن اور ضرورت کے تحت دیگر امداد ملک کے دور دراز علاقوں تک پہنچاتی رہیں۔ طعام المساکین اور ماہانہ راشن کی فراہمی بھی جاری رہی۔ ہم اپنے کرم فرماؤں کے مشکور ہیں جن کے تعاون سے الھدیٰ زیادہ سے زیادہ لوگوں کی مدد کر رہا ہے۔

طاہرہ خان




## امثال القرآن
### رمضان کا خصوصی پروگرام

رمضان المبارک میں ڈاکٹر فرحت ہاشمی صاحبہ نے قرآن مجید میں دی گئی مثالوں پر مبنی نہایت مؤثر پروگرام پیش کیا۔ اس کی آن لائن اسٹریمنگ سے بہت سے لوگ مستفید ہوئے اور اسے بہت پذیرائی ملی۔ اس سے نہ صرف ایمان میں اضافہ ہوا بلکہ ان مثالوں میں بیان کردہ حقائق میں غور و فکر کرنے اور عملی نکات کے ذریعے زندگیوں کو اللہ تعالیٰ کی اطاعت کے مطابق گزارنے کی تحریک ملی۔

علم کی شمع سے ہو مجھ کو محبت یا ربّ

# تکمیل پروگرامز

## الہدیٰ انسٹی ٹیوٹ اسلام آباد

24 اپریل 2021 کو الہدیٰ انسٹی ٹیوٹ اسلام آباد کے تحت انٹرنیٹ سے براہِ راست ہونے والے تمام کورسز کی تکمیل بذریعہ زوم منعقد کی گئی۔اس میں تعلیم القرآن، تعلیم الحدیث، تدبرِ قرآن، تحفیظ القرآن، تعلیم التجوید لیول 1,2,3 اور ہفتہ وار سورۃ الاعراف، الانفال اور التوبہ کے کورسز شامل تھے۔

## کراچی ریجن

18 فروری 2021 کو الہدیٰ انسٹی ٹیوٹ (نارتھ کراچی) میں تعلیم الحدیث، تدبرِ القرآن اور تعلیم التجوید کی تکمیل کے موقع پر ایک پروقار تقریب کا انعقاد کیا گیا۔تمام شرکا کو الہدیٰ انٹرنیشنل اسلام آباد کے فیس بک پیج کے بارے میں آگاہی دی گئی تاکہ وہ اس سے استفادہ حاصل کر سکیں۔

## میر پور آزاد کشمیر

میر پور آفیسرز کالونی کے تحت ہونے والے "تعلیمِ دین" کورس کے دسویں بیچ کی تکمیل ہوئی۔

## غسلِ میّت اور تکفین ٹریننگ ورکشاپ

غسلِ میت اور تجہیز و تکفین کا مسنون طریقہ جاننا ہم سب کے لیے ضروری ہے۔اس ضرورت کے پیشِ نظر الہدیٰ کی جانب سے انٹرنیٹ پر براہ راست ورکشاپ کا اہتمام کیا گیا یہ اپنی نوعیت کی پہلی ورکشاپ تھی جس میں اندرونِ اور بیرونِ ملک سے بہت سی خواتین شریک ہوئیں۔اس ورکشاپ میں غسلِ میّت ٹیلی گرام چینل کو بھی متعارف کروایا گیا جس سے بہت سے لوگ مستفید ہو رہے ہیں۔

## رمضان آن لائن پروگرامز

رمضان کے دوران دیگر آن لائن دروس کا اہتمام کیا گیا۔جن میں "دورۂ قرآن"، "قرآن میں خواتین"، "رمضان دعاؤں کے ساتھ" شامل ہیں۔اس کے علاوہ انسٹاگرام پر "رمضان جیمز (Gems)"، "قرآن کے موتی" (انگلش) تمیمہ زبیر کے ساتھ اور الہدیٰ انسٹی ٹیوٹ میں مردوں کے لیے "Ramadan tune up with Quran" کروائے گئے۔

# کاروانِ علم ہے رواں دواں

ہر لحظہ ہے مومن کی نئی شان، نئی آن — گفتار میں، کردار میں، اللہ کی برہان

اللہ سبحانہ وتعالیٰ کی مہربانی سے استاذہ ڈاکٹر فرحت ہاشمی کا علم و آگہی پھیلانے کا مشن پہلے سے بھی زیادہ مؤثر انداز میں آن لائن مسلسل جاری ہے۔گزشتہ چار مہینوں میں جو سیشنز ہوئے ان میں مختلف سورتوں کا رواں ترجمہ اور مختصر تفسیر، تدبرِ عمل، فقہ القلوب اور الاسماء الحسنیٰ شامل ہیں۔رمضان المبارک میں "امثال القرآن" کے نام سے قرآن سے مثالوں پر مبنی نہایت معلوماتی پروگرام پیش کیا گیا۔تمام ریجنز کے سٹاف مختلف کورسز کی طالبات اور ہیڈ آفس کے سٹاف کی راہ نمائی اور تربیت کے لیے بذریعہ زوم ہفتہ وار میٹنگز کا سلسلہ بھی جاری رہا۔بہت سے نئے موضوعات پر لیکچرز ہوئے جو الہدیٰ کی ویب سائٹ پر موجود ہیں۔

## طالبات کے لیے تربیتی سیشن

الہدیٰ کراچی ریجن کے تحت مارچ میں "روشنی کی کرن" اور "روشنی کا سفر" کورس کی فارغ التحصیل طالبات کے لیے تربیتی سیشن منعقد ہوا۔اس میں خواتین کلب انسٹی ٹیوٹ، نارتھ ناظم آباد، گلشن، عائشہ منزل اور جوہر برانچ سے سٹاف نے بھی شرکت کی۔شرکا کی تدریسی صلاحیتوں کو نکھارنے کے حوالے سے تربیت کی گئی۔



## صدقہ جاریہ کے نادر مواقع

### حیدر آباد برانچ کی نئی عمارت کی تعمیر

الہدیٰ حیدرآباد برانچ میں 2013 سے سندھ کے مختلف اضلاع سے آنے والی لڑکیوں کو بنیادی اسلامی تعلیم اور پڑھنے لکھنے کی بنیادی مہارتیں سکھائی جا رہی ہیں۔طالبات کی بڑھتی ہوئی تعداد کے پیشِ نظر نئی عمارت تعمیر کی جا رہی ہے جس میں تقریباً 100 لڑکیوں کی رہائش کا انتظام ہوگا جو سندھ میں قرآن کی روشنی پھیلانے کے لیے ایک کلیدی کردار ادا کریں گی۔ان شاءاللہ

### الہدیٰ انٹرنیشنل سکول کی ایک اور برانچ

الحمد للہ الہدیٰ انٹرنیشنل سکول اسلام آباد کی ایک اور برانچ کے لیے ٹاپ سٹی 1 میں تقریباً گیارہ کنال زمین الاٹ کی گئی ہے۔یہ علاقہ نئے ایرپورٹ کے قریب واقع ہے۔

مستقبل میں تعمیر ہونے والے اس سکول سے ہزاروں طلبا اور طالبات بہترین ماحول میں دینی و دنیوی تعلیم حاصل کر سکیں گے۔

آیئے آپ بھی اس کارِ خیر میں شامل ہو جائیں۔

رابطہ برائے عطیات:
Email: donations@alhudapk.com
Whatsapp: +92 336 4444 639

## دل کی درستگی

رسول اللہ ﷺ نے فرمایا:

خبردار بے شک جسم میں ایک گوشت کا ٹکڑا ہے، جب وہ درست ہو جاتا ہے تو سارا جسم درست ہو جاتا ہے اور جب وہ خراب ہو جاتا ہے تو سارا جسم خراب ہو جاتا ہے، جان لو وہ ٹکڑا دل ہے۔

[صحیح البخاری:52]


# خدمتِ خلق

Al-Huda Cares!

## رمضان راشن پروجیکٹ

ہر سال رمضان میں الھدیٰ کی کوشش ہوتی ہے کہ زیادہ سے زیادہ ضرورت مند خاندانوں تک راشن پہنچایا جائے۔ رمضان 2021 میں اللہ تعالیٰ کی مہربانی، آپ کے تعاون اور الھدیٰ کی ٹیم کی محنت سے ملک بھر میں 6585 خاندانوں میں راشن بیگ تقسیم کیے گئے۔ ہر بیگ میں آٹا، چاول، چینی، کوکنگ آئل، چنے اور دالوں کی مناسب مقدار رکھی گئی۔ اس کے علاوہ 600 خاندانوں میں 3000 روپے فی خاندان مالی امداد بھی فراہم کی گئی۔






## بے سہارا خواتین کی مدد

اندرون سندھ کے مختلف گاؤں میں بیواؤں اور بے سہارا خواتین کی مدد کے لیے بکریاں فراہم کی گئی ہیں جو ان کی معاشی ضرورت اور خوراک دونوں کے لیے فائدہ مند ہیں۔ رمضان المبارک میں الھدیٰ کی جانب سے سجاول، دادو، بدین، سانگھڑ اور تلہاڑ میں بنیادی تعلیم کی کلاسوں میں 700 افراد کو افطاری کروائی گئی۔





## شجرکاری مہم

### درخت لگانا صدقہ جاریہ ہے۔

شجرکاری مہم کے دوران الھدیٰ کی تمام برانچز نے بھرپور حصہ لیا۔ طالبات اور سٹاف نے پاکستان بھر میں ہزاروں کی تعداد میں کئی قسم کے پودے اور درخت لگائے۔ الھدیٰ ہیڈ آفس میں حسب معمول شجرکاری کے فروغ کے لئے پودے لگائے گئے اور ان کی نمائش بھی کی گئی جس میں طالبات نے بھرپور حصہ لیا، اپنے گھروں میں بھی لگانے کا اہتمام کیا اور دوسرے لوگوں کو بھی اس کی اہمیت اور افادیت سے آگاہ کیا۔









## فلسطینی بہن بھائیوں کے دکھ کے لمحات میں مدد

رسول اللہ ﷺ نے فرمایا: تم اہل ایمان کو ایک دوسرے پر رحم کرنے، آپس میں محبت کرنے اور ایک دوسرے سے شفقت کے ساتھ پیش آنے میں ایک جسم کی مانند دیکھو گے جس کے ایک عضو کو اگر تکلیف پہنچے تو سارا جسم بخار میں مبتلا ہو جاتا ہے۔

[صحیح البخاری:6011]

اس مشکل وقت میں الھدیٰ اپنے فلسطینی بھائی بہنوں کے دکھ میں برابر شریک ہے اور ان کی مدد کے لیے کوشاں۔ آپ بھی اپنے عطیات دے کر اس کارِ خیر میں شامل ہو جائیں۔

### Bank Details

**A/C Title:** Al-Huda International Welfare Foundation

A/C # 0104783594 (Rupee)

**IBAN AC #** PK13MEZN0003160104783594

**Branch Code:** 0316, **Swift Code:** MEZNPKKAGRD

Meezan Bank Ltd,

E-11 branch Islamabad

***Donate online***

https://www.alhudapk.com/donate.html

# ابلاغِ دین


## رمضان المبارک اسپیشل پروگرامز

الہدیٰ کی جانب سے جیو، پی ٹی وی ورلڈ، فورسز ٹی وی، 4ٹی وی، پیغام ٹی وی اور منصف ٹی وی پر رمضان المبارک میں مندرجہ ذیل پروگرام پیش کیے گئے۔

| | |
|---|---|
| قرآن سب کے لیے | ڈاکٹر فرحت ہاشمی (کینیڈا) |
| سیرت صحابیات | ڈاکٹر فرحت ہاشمی (کینیڈا) |
| قرآن کے موتی | ڈاکٹر فرحت ہاشمی (کینیڈا) |
| صاحب وصاحبہ | مولانا ابوبکر صدیق |
| اجتہاد | علمائے کرام کا حلقہ گفتگو (لاہور) |
| قرآن کے لہجات | قاری صہیب احمد (پھول نگر) |
| خاص بات | ڈاکٹر سمیع اللہ زبیری (اسلام آباد) |
| ادب آداب | ڈاکٹر عمرانہ خان (کراچی) |
| میرا پیغمبر | علامہ ہشام الٰہی ظہیر (لاہور) |

| | |
|---|---|
| فراست قرآن | افشاں خالد (کراچی) |
| لاتحزن (غم نہ کر) | ڈاکٹر کنول قیصر (اسلام آباد) |
| جوان! تم چلے ہو کہاں | راجہ ضیاء الحق (اسلام آباد) |
| حدیث قدسی | عامر حسن (اسلام آباد) |
| الریحان | ام سعید (دبئی) |
| روز وشب میرے نبی کے | احمد سلیم (کینیڈا) |
| راہ ہدایت | ڈاکٹر کنول قیصر |
| والفجر | ام اسامہ |
| The right path | ڈاکٹر کنول قیصر |

## الہدیٰ کی نئی مطبوعات




## قرآنی قاعدہ ایپلی کیشن

## (Qur'ani Qaida)

"قرآنی قاعدہ" کے نام سے ایک نئی ایپ لانچ کی گئی ہے جو خصوصی طور پر قرآن مجید کو درست ادائیگی سے پڑھنے کے لیے بے حد مفید ہے۔

### خصوصیات

- ہر سبق، مشق کے ساتھ الگ موضوع کے ساتھ موجود ہے۔
- سبق کے ہر لفظ کو کلک کر کے آڈیو سنی جا سکتی ہے۔
- سبق کے موضوعات اردو اور انگلش میں بھی موجود ہیں۔
- تمام عمر کے لوگوں کے لیے رنگوں کا بہترین انتخاب موجود ہے۔




## انا للہ وانا الیہ راجعون

الہدیٰ اسلام آباد انسٹی ٹیوٹ سے عرصہ دراز سے وابستہ ہمارے محترم استاد قاری عبدالباری صاحب، الہدیٰ لاہور ریجن کی سٹاف ممبر رضیہ سلطانہ اور ہری پور برانچ کی فارغ التحصیل طالبہ نازیہ نصیر قضائے الٰہی سے وفات پا گئیں۔ الہدیٰ کا تمام سٹاف اور طالبات ان کے انتقال پر تعزیت کرتا ہے۔ اللہ تعالیٰ ان کی کاوشوں کو قبول فرما کر ان کی مغفرت فرمائے اور اپنی رحمت سے ان کو جنت الفردوس میں داخل فرمائے۔ آمین

## قابل احترام استاد کی یاد میں

قابل احترام استاد قاری عبدالباری صاحب ہمارے بچپن کے اساتذہ میں سے ایک منفرد شخصیت کے حامل عظیم استاد تھے۔ با اصول اور باوقار شخصیت کے مالک قاری صاحب حسن کارکردگی کی بہترین مثال تھے۔ ہمیشہ وقت کے پابند، صاف ستھرا لباس زیب تن کیے، چابیوں کی چھنکار سے اپنی آمد کا احساس دلاتے ہوئے داخل ہوتے۔ ان کے چہرے پر کبھی تھکاوٹ کے آثار نہ ہوتے چاہے وہ دن بھر تعلیمی سرگرمیوں میں کتنا ہی مصروف کیوں نہ ہوں۔ ہمیں بے حد شفقت کے ساتھ پڑھاتے کبھی ڈانٹ ڈپٹ سے کام نہیں لیا۔ الہدیٰ انسٹی ٹیوٹ اسلام آباد میں انہوں نے ہزاروں طالبات کو تجوید سے قرآن مجید پڑھایا۔ وہ قرآن پڑھتی ہوئی بہت سی طالبات کی غلطیوں کی نشاندہی کر کے درستگی فرما دیتے۔ انہوں نے اپنی تمام زندگی قرآن مجید کی خدمت کے لیے وقف کر دی تھی اور اپنی شخصیت کو اہل القرآن کی صفات سے مزین کر رکھا تھا۔ اللہ تعالیٰ ان کی بہترین مہمانی فرمائے اور جنت الفردوس میں اعلیٰ مقام عطا فرمائے اور ہم سب کو ان کے لیے صدقہ جاریہ بنائے۔ آمین۔

تیمیہ زبیر

الہدیٰ انٹرنیشنل ویلفیئر فاؤنڈیشن
اسلام آباد: 7-اے کے بروہی روڈ H-11/4
فون: 9-4866125 51 92+ | ای میل: info@alhudapk.com
کراچی: 59E خیابانِ سحر، فیز6، ڈی ایچ اے | فون: 8-35171136 21 92+
ای میل: reg.office.khi@alhudapk.com
www.farhathashmi.com | www.alhudapk.com

ایڈیٹوریل ٹیم
سرپرست اعلیٰ: ڈاکٹر فرحت ہاشمی
مینیجنگ ایڈیٹر: ڈاکٹر فردوس روحی
ایڈیٹرز: طاہرہ خان، شفق رانی
گرافک ڈیزائنر اینڈ کمپوزر: مریم مظہر
پروف ریڈرز: رفقہ اصغر، فرخ چوہدری